مقدمہ

از

یگانۂ زمن فخرِ وطن مولانا سید مناظر احسن صاحب مدظلہ العالی (گیلانی)
صدر شعبۂ دینیات حیدرآباد دکن

اَلحَمدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِینَ اصْطَفٰی

اپنے مالک سے جو روٹھے ہوئے تھے اُن ہی کو منانا اور ایک ہی ماں باپ کے بچے باہم ایک دوسرے سے جو ٹوٹے ہوئے تھے، اُن ہی کو ملانا یہی تو اُس پیغام کا حاصل ہے جو سارے جہان میں تقسیم شدہ پیغاموں کا آخری خلاصہ ہے تاکہ پھر کسی سے کوئی نہ لڑے۔ اسی لیے تلقین کی گئی کہ آیندہ اُن کو نہ جھٹلایا جائے جو اپنے اپنے زمانوں اور اپنی اپنی قوموں میں سچے مانے گئے اور جن سچائیوں کو پہلوں نے بانٹا تھا جب اُن ہی کو سمیٹ کر آخری دفعہ محفوظ کر دینے کی یہ آخری کوشش تھی تو جھٹلانے اور تکذیب کرنے کے معنی ہی کیا ہو سکتے ہیں پھر چونکہ یہ آخری خلاصہ کی آخری کوشش

رباعیات

شاد عظیم آبادی

زیر سرپرستی بیگم صغریٰ ہمایوں مرزا

Begum Soghra Humayun Mirza
(62 years in 1946.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

از

یگانۂ زمن فخر وطن مولانا سید مناظر احسن صاحب مدظلہ العالی (گیلانی)

صدر شعبۂ دینیات حیدرآباد دکن

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

اپنے مالک سے جو روٹھے ہوئے تھے اُن ہی کو منانا اور ایک ہی ماں باپ کے بچے باہم ایک دوسرے سے جو ٹوٹے ہوئے تھے، اُن ہی کو ملانا یہی تو اُس پیغام کا حاصل ہے جو سارے جہان میں تقسیم شدہ پیغاموں کا آخری خلاصہ ہے تاکہ پھر کسی سے کوئی نہ لڑے. اسی لیے تلقین کی گئی کہ آیندہ اُن کو نہ جھٹلایا جائے جو اپنے اپنے زمانوں اور اپنی اپنی قوموں میں سچے مانے گئے اور جن سچائیوں کو پہلوں نے بانٹا تھا جب اُن ہی کو سمیٹ کر آخری دفعہ محفوظ کر دینے کی یہ آخری کوشش تھی تو جھٹلانے اور تکذیب کرنے کے معنی ہی کیا ہو سکتے ہیں پھر چونکہ یہ آخری خلاصہ کی آخری کوشش

تھی اس لیے اس کا بھی تو اندیشہ باقی نہ رہا کہ آیندہ پیدا ہو ہو کر نئی راہوں نو
نئی آنے والی نسلوں کے سامنے پیش کر کر کے دبی ہوئی لڑائیوں کو بھڑکانے
والے پھر نہ کہیں بھڑکائیں۔ رنگ، نسل و وطن و زبان کے جھگڑوں کو چکا دینے
کے بعد دین اور دھرم کی راہ سے جو لڑائیاں ہوتی تھیں، اُن کا بھی
اس طریقہ سے ہمیشہ کے لیے سدّ باب کر دیا گیا، پکار دیا گیا، مشرق میں
پکار دیا گیا، مغرب میں پکار دیا گیا، دکھن میں پکار دیا گیا، اُتر میں پکار
دیا گیا، سارے جہان میں منادی کردی گئی کہ سارا جہان ایک ہی،
جہان کا مالک ایک ہی، مالک کے بندے ایک ہیں۔

ایک ایسا نشہ چڑھایا گیا کہ لاکھوں اور کروڑوں معبودوں کو یاد کرنے
والی دنیا ایک ہی خالق، ایک ہی مالک کی یاد میں محو ہو گئی۔ محویت کا یہ
رنگ چڑھنے کی حد تک تو سبھی پر چڑھا، نہ صرف ماننے والوں پر بلکہ جو ابھی
سمجھ رہے ہیں کہ ہم نے نہیں مانا ہی، سچ پوچھئے تو جاننے کی حد تک وہ بھی
اس رنگ سے خالی نہیں ہیں۔ کلیسا اور پوپ کے جوئے کو اُتار کر مغرب کے
علاقوں میں جنھوں نے احتجاج اور پروٹسٹ کی صدا بلند کی یا مشرق کی
سرزمین میں کبیر داس اور نانک کے گیتوں کو پسند کیا گیا تو ماننے والوں
میں نہ سہی، تو ہم جاننے والوں میں بھی کیا ان کو شریک نہیں کر سکتے؟
آج بھی مختلف سماجوں کے نام سے اُٹھنے والے، اُٹھ کر تینتیس ۳۲ کروڑ کی تعداد
کو گھٹا کر ایک تک لے آئے ہیں۔ کیا یوں ہی لے آئے ہیں، اندر میں اگر
کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہی تو باہر میں یہ انقلاب کیوں ہی؟

خیر! رنگ تو سبھی پر چڑھا ہے، چڑھے گا، چڑھتا چلا جائے گا لیکن ماننے والوں پر محویت کا یہی رنگ جب گہرا ہو کر چڑھتا ہے تو اسی رنگ والوں کا نام **صوفی** اور محویت کے اس نکھرے ہوئے شوخ ڈہڈہاتے رنگ کا نام **تصوف** رکھ دیا گیا ہے۔

جن کا **شعور** نازک تھا اور نزاکت شعور کے ساتھ شعوری احساسات کی تعبیر کی بھی قوت جو قدرتی طور پر اپنے اندر رکھتے تھے جب اس گہرے رنگ میں رنگین ہوئے تو جو کچھ اُن کے اندر تھا، وہی اُبل اُبل کر باہر آنے لگا۔ اسی کو صوفیانہ شاعری سے لوگ موسوم کرتے ہیں۔

جن کی **زبان** عربی تھی، اُن کی زبان تو گونگی ہو چکی تھی۔ اس لیے گونگی ہو چکی تھی کہ اُن کی زبان میں خدا بول چکا تھا۔ خالق کے سامنے غریب مخلوق کی زبان گونگی بن کر نہ رہ جاتی تو اور کیا ہوتا۔ معلقاتی شعرائے نے قلم توڑ دیے۔ کاغذ پھاڑ دیئے۔ لبیدؔ سے پوچھا گیا، اب شاعری کیوں نہیں کرتے؟ تو بیچارے نے وہی کہا کہ سورۂ بقرہ اور آل عمران کے بعد اب شعر کی کیا گنجائش ہے[له]

له کہتے ہیں کہ معلقہ والے قصیدے کا مشہور شعر ے مجلی السیول عن الطلول کانہا زبر تجد متونہا اقلامہا ؛ (محبوبہ کی خیمہ گاہ کے آثار جو ریت کے نیچے دبے ہوئے تھے اُن کو بارانی کے سیلاب نے کھول کر اس طرح نمایاں کر دیا کہ گویا قلم نے تختی پر سطروں کو پھر ابھار دیا) فرزدق مشہور شاعر سوار جا رہا تھا، کان میں اس شعر کے پڑھنے کی آواز آئی، سواری سے اتر کر سجدے میں گر گیا۔ لوگوں نے پوچھا۔ یہ کیا حرکت ہے۔ بولا تم لوگ تو قرآن کی اُن آیتوں کو پہچانتے ہو جن پر سجدہ کیا جاتا ہے اور میں شعر کے اُن مقامات کو جانتا ہوں جن کے سننے والوں پر سجدہ واجب ہو جاتا ہے۔ ۱۲

بشار بن عدی عرب کا منہ زور طائی شاعر تھا، قرآن سُننے کے بعد صرف ان دو شعروں کے کہنے کے بعد ہمیشہ کیلئے چپ ہوگیا ہے

ترکت الشعر واستبعدت منہ ❖ کتاب اللہ لیس لہ شریک
وودعت المدامۃ والندامیٰ ❖ اذا داعی منادی الصبح دیک

اس لیۓ عرب تو مبہوت بنا کھڑا رہا لیکن عرب سے نکل کر جب محویت کے اسی رنگ نے ایران میں قدم جمایا تو رزم و بزم کی ساری داستانیں ختم ہوگئیں اور ایرانی شاعری صرف تصوف کی شاعری بن کر رہ گئی۔ جن پر رنگ چڑھا ہوا واقعۃً تھا وہ تو اس کے سوا اور کچھ کہہ ہی نہیں سکتے تھے لیکن جو ہوش میں تھے وہ بھی بے ہوشوں کا رنگ زبردستی اختیار کرنے پر مجبور تھے کہ اس کے سوا سُننے والے کچھ سننا بھی تو نہیں چاہتے تھے۔

ایران سے بڑھتا ہوا یہ سیلاب ہندوستان پہونچا، اُس ہندوستان میں پہونچا جہاں کہ پہاڑوں کے کھوہ اور جنگلوں کے گپھے پہلے ہی سے کچھ اسی قسم کی محویت رکھنے والوں سے بھرے پڑے تھے اور قدرت کا اسے بھی ایک کرشمہ ہی سمجھئے کہ دلوں کے ملانے کے لئے جو پیغام آیا تھا ہندُستان میں پہونچ کر کچھ ایسا اثر اس نے ڈالا کہ دل تو دل زبانیں بھی سب کی مل گئیں۔ کہتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام کے حواریوں پر آگ کی شکل میں جب روح القدس کا نزول ہوا تو ان میں ہر ایک دوسری قوموں کی زبانیں بولنے لگا۔ حواریوں کے ساتھ یہ صورت پیش آئی تھی یا نہ آئی تھی لیکن

ہندوستان میں تو اس پیغام نے یہ واقعہ ہے کہ اُسی روح القدس کا کام گیا بولنے لگا، اس ملک کا ہر باشندہ بولنے لگا، ایک ایسی زبان جس میں قرآن والوں کو اگر قرآن کے الفاظ مل جاتے ہیں تو زردشت کے ماننے والوں کو کسی شکل میں اُن الفاظ کے دہرانے کا موقع مل جاتا ہے جو کسی زمانے میں زردشت کی زبان سے نکلے تھے اور سری کرشن جی نے کورکشتر کے میدان میں بیانی قوت کے زور کو جن الفاظ کے لباس میں جلوہ گر کیا تھا یا ویدویاس نے مہابھارت کا قصہ لوگوں کو جن شبدوں میں سُنایا تھا، بالمیکی نے رام چندر جی اور راون کی لڑائی کی داستان جس بھاشا میں ادا کی تھی اُن کے بولنے پر تو ہر وہ شخص مجبور ہے جو اس عجیب و غریب زبان میں گفتگو کرتا ہے۔

اس صورت میں یہ توقع بے جا نہ تھی کہ محویت کا وہی یکتا و بے ہمتا رنگ ہندوستان کے رہنے والوں پر جب چڑھے گا، چڑھ کر جب بڑھے گا، تو ایران سے بھی آگے بڑھ جائے گا لیکن کیا کیجیے کہ اس رنگ کے چڑھنے کے جو دن تھے، اُن میں اس زبان کی کمان جیسا کہ چاہیے چلّے پر نہیں چڑھی تھی اور جب چلّہ اس کمان کا چڑھا تو محویت کا وہ رنگ ہی اس ملک کے باشندوں کے قلوب پر سے اُتر گیا حالانکہ ابھی پورے طور پر اترا نہیں تھا، اترنے کی ابتدا ہو رہی تھی لیکن کیسی عجیب بات ہے کہ ایران میں جو پیدا ہوا تھا اور بنارس میں آکر مدفون ہوا، اُس علی حزیںؔ تک کی زبان کے اس فقرے نے

شہرت حاصل کی کہ "تصوف برائے شعر گفتن خوب است"۔ جہاں تصوف کی یہ درگت بن چکی ہو اگر وہاں کے رہنے والوں کی شاعری صرف گل و بلبل، ساغر و مل سے، یا اس سے بھی نیچے اتر کر دشت و جبل، صحرا اور جنگل میں اٹک کر رہ گئی ہو تو اس پر تعجب نہ ہونا چاہیئے۔ جہاں کے سب سے بلند پرواز شاعر کی شاعری کی اڑان ؎

ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے۔

کی تان پر ٹوٹ کر دم توڑ چکی ہو، اُس قنوطی یاس کدہ اور اُس کے مارے پیٹے دھتکارے ڈرے ڈرائے ہوئے باشندوں سے اور کس چیز کی توقع کی جا سکتی ہے۔ ؎

جب دلِ زندہ تو نے ہم کو چھوڑا ٭ ہم نے بھی تری رام کہانی چھوڑ دی

نامرادی کے ایسے پتھروں سے جن کے دل چور ہوں، رام کہانی یا رحیم بانی کی اُن سے امید ہی کیوں کیجئے۔ کچھ اس "دلِ زندہ" کی لاش پر ماتم کرنے والے ماتم کر رہے ہیں۔ اُن کا خیال ہے کہ اُن کی "خودی" مر گئی ہے۔ اس "خودی" کی قبر پر اس لیئے واویلا مچا رہے ہیں کہ شاید اس تنِ بے جان میں پھر جان پیدا ہو جائے لیکن اس کا فیصلہ اب کون کرے کہ "خدا فراموشی" سے "خود فراموشی" پیدا ہوتی ہے یا "خود فراموشوں" کے قلوب پر "خدا فراموشی" کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ قرآن میں تو ہے "نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ" (بھول گئے وہ خدا کو

تو بھلا دیا خدا نے اُن کو اُن ہی سے)

بہر حال پھر بھی غنیمت ہے کہ محویت نہ سہی لیکن ابھی اصلی رنگ اکثریت میں باقی ہے، چاہا جائے تو گہرا کرنے والے اسی رنگ کو گہرا کر سکتے ہیں جس کی ایک تدبیری راہ شاعری کی بھی راہ ہے۔ اور خدا کا شکر ہے کہ پہلوں میں تو کم لیکن پچھلوں میں جہاں خدا دشمنوں کا ایک گروہ پیدا ہو گیا ہے، وہیں قہر و جلال، غوائیت و ضلال کی اُن تجلیوں کے ساتھ ساتھ، رحم و جمال کی تجلیاں بھی نئی تازہ مثالوں کی شکل میں چہرہ پرداز ہو رہی ہیں۔ تصوف اور صوفیانہ شاعری کی طرف بھی ایک خاص طبقہ کا رجحان بڑھ رہا ہے کتب اللہ آمنا لھم و ایدھم بروح القدس ۵

اگلوں میں خواجہ میر درد نے اس سلسلہ میں اُس وقت گلکاریاں شروع کی تھیں جب ٹک اور کبھو کے کانٹوں سے اُردو صاف نہیں ہوئی تھی۔ صفائی کے بعد اس میں شک نہیں کہ اصغر، جگر، وفاؔ نے لازوال نمونے شاعری کے اس صنف اُردو زبان کی گود میں بھرے ہیں لیکن یہ ساری پیداوار شاد کے بعد کی ہیں۔ غالب مرحوم ترنگ میں آکر کبھی کبھی اس میدان کی طرف بھی نکل آئے ہیں لیکن اپنے کلام کی خصوصیت اُنھوں نے تصوف کو نہیں قرار دیا تھا۔ "فی کل وادٍ یھیمون" کے سلسلہ کا ایک وادی یہ بھی تھا۔

سعودؔ نے اور نکھرنے، شستہ اور رفتہ ہونے کے بعد سب سے پہلے اردو شاعری میں تصوف کے مسائل کو اپنے کلام کی ایک خصوصی ایجابی صفت قرار دے کر جس شخص نے شریک کرنا شروع کیا، جہاں تک میرا خیال ہے وہ بہار کے بوڑھے شاعر حضرت شادؔ ہیں لیکن افسوس ہے کہ پڑھنے والوں نے شادؔ کے کلام کا جائزہ اس نقطہ نظر سے اب تک نہیں لیا ہے۔ ندیمؔ کے شاد نمبر میں خاکسار نے بھی جو کچھ لکھا تھا وہ تصوف نہیں بلکہ اُن کی شاعری کے اُس حصہ کی طرف صرف اشارہ کیا تھا، جس میں "اسلامی علم کلام" کے بعض اہم مسائل کو شادؔ نے بالکل نوکھی اور اچھوتی تعبیروں میں پیش کیا ہے۔

مجھے اس کی خوشی ہے کہ جانشین شادؔ حضرت حمید عظیم آبادی ایک نئے خیال کے ساتھ موفق ہوئے ہیں، یعنی اُنھوں نے ارادہ کیا ہے کہ شادؔ کے کلام کی بعض خاص چیزوں کو اُردو سے انگریزی زبان میں منتقل کریں۔ اگر اپنی اس مہم میں حمید صاحب کامیاب ہوگئے تو پھر اُردو کے غزل نویس شعراء کے کلام کی خدمت کی یہ ایک ایسی نئی راہ نکل آئے گی جس پر جہاں تک میں جانتا ہوں شاید اب تک کوئی نہیں چلا ہے۔

حمیدؔ صاحب نے اس سلسلہ میں سب سے پہلے شادؔ کی چند رباعیات کا انتخاب ترجمہ کے لیے کیا ہے وہ ترجمہ بھی آپ کے سامنے ہے۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا، تصوف کے حقائق و مسائل کو بیان کرنا شاد کی شاعری کی چند خصوصیتوں میں سے ایک بڑی خصوصیت ہے۔ اُن کا یہ رنگ بہ نسبت غزلوں کے رباعیوں میں زیادہ نمایاں ہے۔ آپ کو شاد کی ان رباعیوں اور رباعیوں کے ترجمہ کو اسی نقطۂ نظر سے پڑھنا چاہیئے۔

اس موقعہ پر بے ساختہ جی چاہتا ہے کہ شاد کی رباعیوں میں سے بعض رباعیوں کے معنوی پہلوؤں کی طرف تھوڑا اسا اشارہ میں بھی کر دوں تاکہ پڑھنے والوں کو شروع ہی میں اس کا اندازہ ہو جائے کہ شاد کی رباعیوں کا مطالعہ کس نقطۂ نظر سے کرنا چاہیئے۔

تصوف ہی نہیں بلکہ مذہب کہیئے یا مابعد الطبعاتی فلسفہ (میٹافزکس) سب میں جس مسئلہ کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے وہ یہ مسئلہ ہے کہ لامحدود کثرتوں کا یہ مجموعہ جس کا نام عالم ہے، وحدت کے سرچشمہ سے اس کا کیا تعلق ہے؟ یعنی وحدت کے ایک بسیط نقطہ سے نت نئی نیرنگیوں سے بھرا ہوا یہ عالم پہلے ظاہر ہی کیسے ہوا؟ اور ظاہر ہوا بھی تو اب کثرت کے اس عالم کو وحدت کے اس سرچشمۂ آغاز سے کس قسم کا تعلق ہے؟

ایک گروہ تو عامیوں کا ہے جو خالق کائنات کے متعلق یہ خیال رکھتا ہے کہ جیسے کاریگر مثلاً بڑھئی کرسی بناتا ہے یا کمہار برتن، دنیا کو بھی اس کے بنانے والے نے کچھ اسی انداز سے بنایا ہے لیکن جب ان ہی

عامیوں سے پوچھا جاتا ہو کہ کاریگروں کی کاریگری تو ہمیشہ کسی مادّے کی محتاج ہوتی ہو، آخر لکڑی کے بغیر کرسی، مٹی کے بغیر برتن بننے کی کیا صورت ہو؟ پھر جب کچھ نہ تھا تو بنانے والے نے اس عالم کو بغیر مادے کے کیسے بنایا۔ اور یہی نہیں کرسی یا برتنوں کے بننے کے بعد بڑھئی یا کمہار اگر غائب ہو جائے اور یہ ہوتا ہی رہتا ہو تو ظاہر ہو کہ نہ کرسی کا غائب ہونا ضروری ہو اور نہ برتنوں کا، پھر یہ اعتقاد کیا ایمانی اعتقاد ہو سکتا ہو کہ پیدا ہونے میں تو خیر دنیا کو خدا کا محتاج مان لیا جائے لیکن بعد پیدا ہونے کے دنیا کو خدا کی ضرورت باقی نہیں رہی، ماسوا اس کے خدا کے متعلق تمام مذاہب کا اس پر اتفاق ہو کہ اپنی مخلوق کے کسی حصہ اور کسی جز سے وہ غائب نہیں ہو، ہر جگہ حاضر و ناظر ہو لیکن مکان کو معمار بناتا ہو اور ہر ایک کمرے کا احاطہ بھی معمار کا وجود نہیں کرسکتا۔ دراصل یہ اور اسی قسم کے سوالات ہیں جن کی وجہ سے ابتدا میں تو لوگ اس عامی عقیدے کو مان لیتے ہیں لیکن جیسے جیسے مذہب یا فلسفہ میں رسوخ ان کا بڑھتا جاتا ہو، خدا اور عالم میں اس نسبت کے تصور سے وہ گھبرانے لگتے ہیں۔

تب دوسری جماعت سامنے آتی ہو اور خالق و مخلوق میں اس نسبت کو پیش کرکے تسلی دینا چاہتی ہو جو مادّے اور صورت میں ہوتی ہو۔ یا مثلاً تخم اور درخت یا انڈے اور مرغی میں جو تعلق ہو، یہ لوگ کچھ ایسا باور کرانا چاہتے ہیں کہ خدا ہی ابتدا میں عالم کا مادہ

تھا۔ اور وہی موجودہ شکلوں میں منقلب ہوگیا ہے۔ اس طرح منقلب ہوگیا ہے جیسے انڈا پھٹ کر مرغی کی شکل یا تخم درخت کی شکل اختیار کر لیتا ہے عام طور پر وحدت الوجود کے نظریہ کا عامی مطلب دنیا میں یہی مشہور ہے۔ لیکن ان ہی لوگوں سے پوچھا جائے کہ درخت بننے کے بعد تو تخم یا مرغی بننے کے بعد تو انڈا معدوم اور غائب ہوجاتا ہے، پھر کیا مخلوقات کی تشکیل کے بعد اَلْعِیَاذُ بِاللّٰہ خود اُس کا خالق معدوم اور نابید ہوگیا۔ ماسوا اس کے بیٹھے بٹھائے خدا کو یہ کیا سوجھی کہ کامل تھا ناقص بن گیا۔ آرام اور چین سے تھا مخلوقات کی شکل اختیار کر کے دُکھ، درد، گندگی، نجاست، ذلت و خواری کا وہ شکار ہوگیا۔

الغرض اسی قسم کے سوالات کی بوچھار جب شروع ہوجاتی ہے تو بیچارے وحدت الوجود والے بھی اسی طرح حواس باختہ ہوجاتے ہیں، جس طرح عامی عقیدے والوں کو ششدر و حیراں پایا گیا تھا بلکہ عام انسانی فطرت پہلی صورت میں تو اطمینان کی ایک شکل ایمان (فیتھ) کی راہ سے پا بھی لیتی ہے کہ خدا نے اپنی قدرت سے معدوم کو موجود کر دیا اور وہ ہر وقت اُس کی نگرانی فرما رہا ہے ہم ہر حال میں اُن کے محتاج ہیں، کم از کم ہر سال برسات نے لانے [illegible] بیماریوں سے ہمیں محفوظ رکھنے روزی روٹی دینے وغیرہ [illegible] طرح سمجھ میں آتے یا نہ آئے لیکن یہ ماننا چاہیئے کہ خدا [illegible] جس طرح

ہماری چھوٹی سی آنکھ آفتاب کے کرہ کا احاطہ کر لیتی ہے، کیا ہوا اگر خدا بھی اس طویل اور عریض عالم کو دیکھ رہا ہو۔ جان رہا ہو، بہر حال ایمان کی راہ سے ان کو تو تشفی کی ایک صورت بھی مل جاتی ہے لیکن وہ انڈے مرغی والے نظریۂ وحدت الوجود میں اتنی خرابیاں ہیں کہ ایک سیدھے سادے سچے خدا کے مخلص بندے کے لیے اس کی جسارت ناممکن ہے کہ العیاذ باللہ خدا ہی کو فاعل، خدا ہی کو مفعول، ضارب و مضروب، مرنے والا، جینے والا، سڑنے والا، گلنے والا، کراہنے والا، چیخنے والا، مان لے اور یقین کرے کہ گھوڑے گدھے، بیل، ہاتھی، نباتات، جمادات، اور نجاستوں کی شکل میں اب وہی براجمان ہو رہا ہے۔

ان دونوں عقیدوں کے مقابلہ میں ایک مشاہداتی تجربہ وہ ہے جسے اسلام نے پیش کیا ہے۔ جس کی بنیاد ایک اساسی کلیہ پر مبنی ہے یعنی وہی اسلام کا عام نظریۂ خلافت، جس کا ترجمہ یہ ہے کہ خالق نے تمام مخلوقات کے درمیان انسان کو اپنی نمایندگی اور خلافت کی صفت سے سرفراز فرمایا ہے جس کا تشریحی مطلب یہ ہے کہ انسانی وجود میں خدا نے اپنے صفات و کمالات کو نمایاں کر کے ٹھیک ٹھیک اپنی ذات کا، اپنے صفات کا، اپنے افعال کا نمایندہ بنا کر اسے پیدا کیا ہے۔

اسی کلیہ کی روشنی میں اسلام نے جس پیچیدہ مشکلات کو

حل کیا ہے جن میں "خالق و مخلوق" کے باہمی تعلق کا مسئلہ بھی ہے یعنی اس سوال سے پہلے کہ خدا اور اس کی مخلوق میں کیا تعلق ہے، دیکھنا یہ چاہیے کہ خدا کے خلیفہ اور نمایندہ انسان میں اور انسان کی مخلوقات میں کیا تعلق ہوا کرتا ہے؟

مگر بظاہر ایک دشواری اس میں یہ پیش آتی ہے کہ سرے سے غریب انسان کسی مخلوق کے پیدا کرنے پر قادر ہی نہیں ہے۔ وہ زیادہ سے زیادہ اگر کچھ کر سکتا ہے تو یہی کر سکتا ہے کہ یہ عالم جو ظاہر ہے کہ اس کے خلق کا نتیجہ نہیں ہے اس کے اندر جن چیزوں تک آدمی کی رسائی ہے اُن کے صفات و خصوصیات کو معلوم کر کے چاہے تو اُن کی پوشیدہ صلاحیتوں کو نمایاں کر دے، مثلاً پتھر کو آدمی پیدا تو نہیں کر سکتا لیکن مورت بننے کی پتھر میں جو ایک قدرتی صلاحیت ہے اور پانی میں نہیں ہے، پتھر کی اس قدرتی صلاحیت کو سنگ تراشی کے معلومات سے واقف ہونے کے بعد آدمی نمایاں کر دے سکتا ہے۔

مگر یہی مسئلہ ذرا سوچنے کا ہے، آدمی اپنے باہر تو ٹھیک ہے کہ اس سے زیادہ نہیں کر سکتا کہ قدرتی چیزوں کی قدرتی صلاحیتوں کو فعلیت کا رنگ عطا کر دے لیکن بجائے باہر کے چاہیے کہ ہم میں ہر شخص اپنے "اندر" غور کرے۔ مطلب یہ ہے کہ اپنے معلومات کو بیداری یا خواب کی حالت میں آدمی جو یہ دیکھتا ہے

کہ وہ اُس کے سامنے کھڑے ہیں مثلاً گول گھر کو جس نے دیکھ کر
اس کو اپنا معلوم بنالیا ہو اور اُس کے بعد اپنے گھر پہونچ کر کرسی پر
لیٹے لیٹے اُس کا تخیل کرتا ہو تو اپنی لال لال اینٹوں، گروی جسم کے
ساتھ یہ عمارت جو ہمارے سامنے کھڑی نظر آتی ہو یا خواب میں
ہم دیکھتے ہیں کہ سامنے گنگا بہ رہی ہو۔ ہم کشتی پر سوار ہوئے پلہیز اگھاٹ
سے روانہ ہوکر سون پور پہونچے۔ چھتر کا میلا لگا ہوا ہو۔ سیکڑوں ہاتھی
گھوڑے، بیل میلوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ لوگ آرہے ہیں۔
جارہے ہیں۔ یہ سارا قصہ جو آدمی کے اندر ہوتا رہتا ہو، یہ کیا ہو؟
کیا چیزوں کی صورتیں دماغ میں دفن ہو جاتی ہیں اور تخیل
کے کدال سے آدمی ان کو پھر کرید کر باہر نکالتا ہو؟

بلاشبہ عامیانہ خیال کچھ اس قسم کا ہو لیکن خیال کرنے
کی بات ہو کہ کہاں بیچارا چند انچ کا انسانی بھیجہ، اور کہاں
اس میں چھتر کا میلا، اُس کے سیکڑوں ہاتھی، بیل، گھوڑے،
یہ بھی نہیں کہ ان چیزوں کی مختصر صورتیں نظر آتی ہیں بلکہ اُن ہی
جسامتوں، طول و عرض و عمق کی اُن ہی کیفیتوں کے ساتھ
یہ ساری چیزیں "اندر" میں چلتی پھرتی نظر آتی ہیں، جیسی کہ
وہ باہر میں نظر آتی ہیں۔ بھیجے میں آدمی کے یہ چیزیں اگر
دفن ہوتیں تو کھوپڑی توڑنے کے بعد چاہیے کہ اُس سے
یہ چیزیں برآمد ہوتیں۔ لوگ اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ

پلیٹوں پر تصویریں جو چھپتی ہیں تو جس پلیٹ پر ایک تصویر چھپ چکی ہو، اُس پر دوسری تصویر بھی اگر چھاپ دی جائے گی تو خلط ملط ہو کر دونوں کی صورتیں بگڑ جائیں گی۔ مگر انسانی دماغوں میں لاکھوں چیزیں پائی جاتی ہیں، بڑے بڑے شہر، آبادیاں، ستارے، سیارے، دریا، پہاڑ، سب کچھ لیکن ہر ایک دوسرے سے الگ الگ ہمیں اپنے اندر نظر آتا ہے۔

پھر یہ کیا ہے؟

یہی انسان کا تخلیقی عمل ہے۔!

کسی چیز کو معلوم بنا لینے کے بعد اپنے معلوم کو مخلوق بنا لینے کی آدمی کو قدرت پیدا ہو جاتی ہے اور بیداری یا خواب میں اپنے اندر، ہم جن چلتی پھرتی چیزوں کو پاتے ہیں، یہ در اصل ہماری ارادی قوت کی کارستانیاں اور یہی ہماری حقیقی مخلوقات ہیں۔

اس کے بعد دیکھئے کہ خدا کے اس خلیفہ انسان کا اپنی ان مخلوقات سے کس قسم کا تعلق ہوتا ہے۔

باہر والے چھتر کے میلے کو چاہا جاتا ہے کہ ہم اپنے اندر، پیدا کریں۔ پھر اس کے لئے کس چیز کی ضرورت ہے۔ کیا لکڑی کی؟ لوہے کی؟ جگہ جگہ سے تار دے کر ہاتھیوں والے اور گھوڑے والوں کو دعوت دینے کی ضرورت ہے؟ کچھ نہیں، صرف اس بات کا ارادہ کہ "ہو جا" سارا ابھرا بھرایا میلا ہو جاتا ہے۔ باہر والے گول گھر کو ہم

اپنی مخلوق بنا کر اپنے اندر، پیدا کرنا چاہتے ہیں، نہ اینٹ کی حاجت ہے نہ چونے کی، نہ تعمیر کے کسی دوسرے سامان کی۔ صرف کُن، کا ارادہ کیا گیا اور گول گھر کی لمبی چوڑی عمارت سامنے کھڑی ہے۔

اور جب اپنی ان مخلوقات پر قیامت طاری کرنے کا ارادہ ہم کریں تو کیا ضرورت ہوگی۔ توڑ پھوڑ، اُکھاڑ پچھاڑ کی؟ کچھ نہیں۔ صرف، ارادے کا ہٹا لینا کافی ہے اور پھر "کچھ نہیں"۔ پھتر کا میلا کتنا لمبا، کتنا چوڑا، اور بھانت بھانت کی چیزوں سے بھرا ہوا ہے لیکن اسی کو اپنی مخلوق بنا کر دیکھیے۔ اُس کو دیکھیے جو اس "مخلوق" کا خالق ہے یعنی اپنے آپ کو دیکھیے۔ کیا آپ اندر کے اس میلے کے کسی حصہ سے اپنے آپ کو غائب پاتے ہیں۔ جہاں بیل ہے وہاں بھی آپ" ہیں اور جہاں ہاتھی ہیں وہاں بھی، اور جہاں انگریزی بازار ہے وہاں بھی، اس کے اندر بھی آپ، باہر بھی آپ، ظاہر میں بھی آپ، باطن میں بھی آپ، آپ ہی آپ ہیں یا اور بھی کچھ اس اندر والے میلے میں۔ لیکن کئی میل لمبے اس میلے کے لمبے ہونے سے کیا آپ لمبے ہو گئے، چوڑے ہو گئے، یا اس میلے میں جو حوادث گزر رہے ہیں، جو گندگیاں اُچھالی جا رہی ہیں ان میں سے کسی کا اثر آپ پر پڑ رہا ہے۔ حالانکہ آپ اس میلے کی ہر چیز کے ساتھ ہیں، ہر ایک کو محیط ہیں، بلکہ سچ پوچھئے تو اندر کا یہ میلا بجز۔ آپ کے ارادے کے اور کچھ نہیں ہے، مگر کیا آپ جس وقت اپنے اندر

اس میلے کو پیدا کرتے ہیں، اُس وقت آپ گھوڑا، ہاتھی، یا مسلم میلا ہو جاتے ہیں؟ قطعًا نہیں! مگر اس میلے کا وجود آپ کے وجود کے سوا اور بھی کچھ ہی؟

یہی ہی خالق و مخلوق کے درمیانی تعلقات کی صحیح نوعیت. اور قرآن کو پڑھ جایئے اس نے خدا اور خدا کی مخلوق اس عالم کے درمیان بجنسہٖ ان ہی تعلقات کا دعویٰ کیا ہی اور یہ ایک ایسا دعویٰ ہی جس کا تجربہ ہر شخص کے اندر موجود ہی۔

اب تمام مخلوقات سے ہٹ کر صرف ایک مخلوق جو خدا کی ہی یعنی خود ہم، یا آپ، کسی ایک کو لے لیجئے اور سوچیے کہ جب ہمارا خدا اسے اسی قسم کا تعلق ہی جس قسم کا تعلق خود ہمارا اپنی مخلوقات کے ساتھ ہی. سوچیے! آیک شخص کو اپنے اندر، پیدا کرکے تجربہ کیجئے کہ اس کا آپ سے اور آپ کا اس سے کیا تعلق ہی زید اندر کی اس مخلوق کا نام رکھ لیجئے۔

کیا یہ واقعہ نہیں ہی کہ زید در اصل کچھ نہیں ہی بلکہ صرف آپ کے ارادے کا وہ ایک جلوہ ہی۔ آپ سے الگ ہو کر زید اگر چاہے تو کیا پایا جا سکتا ہی؟ صرف پانے ہی کی حد تک بات نہیں ہی، کیا وہ اُٹھ سکتا ہی جب تک آپ ہی اُسے نہ اُٹھائیں۔ بیٹھ سکتا ہی جب تک آپ ہی نہ بٹھائیں۔ سو سکتا ہی جب تک آپ ہی نہ سُلائیں۔ آپ اس زید کے اندر بھی ہیں، باہر بھی ہیں۔ آپ ہی اس کے

اول ہیں، آپ ہی اس کے آخر ہیں۔ جب آپ کی مخلوق کا آپ سے یہی تعلق ہے تو پھر سوچنا چاہیے کہ ہم جس کی مخلوق ہیں، اُس سے ہمارے تعلق کی نوعیت وہی تو ہوگی، جو ہر خالق کے ساتھ اس کی مخلوق کی ہوتی ہے۔

پس یہ کتنی بڑی غلطی ہے اس مخلوق انسان کی کہ وہ اپنے وجود کو خدا کے وجود سے اس طرح الگ سمجھتا ہے جیسے کسی دوسری مخلوق کا وجود اس سے الگ ہے۔ حالانکہ مخلوق کا وجود تو اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ خالق ہی کا وجود اور اُس کا ارادہ بھی اس کا وجود ہے لیکن لوگوں کی نظر بجائے خالق کے وجود اور ارادے کے خود اپنے وجود مقید پر رہتی ہے۔ کچھ ایسا سمجھتے ہیں کہ خدا سے ہم جُدا ہو کر پائے جا رہے ہیں حالانکہ خدا اور اُس کے وجود سے جُدائی کے بعد تو آدمی معدوم ہو جائے گا۔ **شاد** اسی واقعہ کا اظہار اِن الفاظ میں کرتے ہیں ؎

ارباب قیود تجھکو کیا دیکھیں گے
خواہانِ نمود تجھکو کیا دیکھیں گے
رویت کے لئے شرط ہے میدان فنا
پابندِ وجود تجھکو کیا دیکھیں گے

جب ہم اور ہمارے ساتھ یہ سارا عالم اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ حق تعالےٰ کے ارادے کے ہم ایک **جلوہ** ہیں، کہ ہم

کُن فیکونی مخلوق ہیں، کُن فیکونی مخلوق کے کسی جزو، کسی حصہ سے اس کا خالق غائب نہیں ہو سکتا تو کیا کوئی ذرّہ عالم کا ایسا ہے جس سے اُس کے خالق کی ''یافت'' کو ہم حاصل نہیں کر سکتے، صرف'' توجہ کی ضرورت ہے۔ خدا غائب نہیں ہے، ہماری توجہ غائب ہوجاتی ہے۔ اسی مضمون کو شاد ان الفاظ میں ادا کرتے ہیں:۔

ہردم مرے دل میں تو ہی موجود رہے
ہر قصد میں یار تو ہی مقصود رہے
جب آنکھ اُٹھاؤں تیرا جلوہ دیکھوں
جب سر کو جھکاؤں تو ہی مسجود رہے

آدمی مخلوقات کے تماشے میں مصروف ہوکر خالق کی طرف سے غافل ہو گیا ہے، اور مخلوقات کا تماشا آنکھوں کی وجہ سے نظر آرہا ہے یہ نہ ہوں تو پھر خالق کے سوا ہماری توجہ اور کسی طرف کیسے منتقل ہو سکتی ہو اسی کو وہ یوں ادا کرتے ہیں:۔

یہ دل تو ازل ہی سے ترا شیدا ہے
دیدار کی حسرت میں مٹا جاتا ہے
پردہ تو اِن آنکھوں ہی تلک ہے محدود
آنکھیں ہوئیں جب بند تو پردا کیا ہے

شاد نے اسی کے ساتھ اُن لوگوں پر جو مذہب کے اس عقیدے میں بلا وجہ دراندازی کرنے کے عادی ہیں، مختلف طور پر سمجھانا بھی چاہا ہو مثلاً وہ کبھی اس مثال سے سمجھاتے ہیں کہ خدا میں تو تم بعد میں شک کرنا، پہلے اپنے متعلق تو طے کر لو کہ اس کے متعلق بھی کوئی یقین اپنے اندر پاتے ہو؟ کیا ہو؟ کیسے ہو؟ ہو؟ اِن سوالوں کا کوئی جواب تمھارے پاس ہو؟ جو خدا کو مان کر ساری کائنات کے ساتھ خود اپنے آپ کو اُس کے ارادے کا ایک ظہور مانتا ہو، باوجود نہ جاننے کے اُس نے سب کچھ جان لیا ہو، لکھتے ہیں ؎

یہ بھی نہ کھلا کہ ہم نہیں ہیں یا ہیں
ہو ساتھ کوئی یا کہ تنِ تنہا ہیں
مانا کہ نہیں ہیں تو نہیں پر برہان
اچھا ہم اگر ہیں بھی تو آخر کیا ہیں

ایک دوسرے پیرایہ میں اس مضمون کو یوں ادا کرتے ہیں:-

جو چاہیے دیکھنا نہ دیکھا میں نے
ہر شے پہ گیا ہو غور کیا میں نے
اوروں کا سمجھنا تو بہت مشکل ہو
خود کیا ہوں اسی کو کچھ نہ سمجھا میں نے

سچ ہو کہ **شاد** نے تصوف کے اس بنیادی مسئلہ کو جن جن عجیب و غریب تعبیروں میں پیش کیا ہو، دوسری زبانوں، عربی و فارسی کو تو میں نہیں کہتا، لیکن اردو میں اس کی نظیریں مشکل ہی سے مل سکتی ہیں:

ان رباعیوں میں وہ کبھی "**ریشنلزم**" والوں پر چوٹ کرتے ہیں اور خوب کرتے ہیں۔ لکھتے ہیں:-

یہ وہم کسی طرح نہ معقول ہوا
افسوس یقیں بھی شک مجہول ہوا

اللہ ری دراندازیِ عقلِ انساں
معلوم جو تھا وہ اور مجہول ہوا

معلوم جو تھا وہ اور مجہول ہوا، کتنا عجیب مصرعہ ہو۔ روشنی کے جاننے کا ذریعہ آنکھ ہو، آنکھوں کو بند کرکے کان سے روشنی کے دیکھنے کا جو ارادہ کرے گا، روشنی اُس سے قریب ہو گی یا بعید ہوتی چلی جائے گی۔ یہی حال **خالق کی یافت** کا ہو کہ آدمی اپنے "**انا**" ہی سے خدا کے "وجود" کی یافت حاصل کر سکتا ہو لیکن بجائے اس کے جو عقل سے خدا کو پانا چاہے گا، ظاہر ہو کہ بجائے قریب ہونے کے وہ جتنا بھی دور ہوتا چلا جائے بعید نہیں۔

ان اشارات مجملہ کے بعد براہ راست ان کا کلام ہو، انگریزی ترجمہ کے ساتھ آپ کے سامنے پیش ہو رہا ہو، پڑھئے اور ایک متفکر فلسفی شاعر کے ان افکار کی داد دیجیے!!

مناظر احسن۔ گیلانی

شادؔ عظیم آبادی

از

محترمہ بیگم صغریٰ ہمایوں مرزا دام مجدہا
صدرِ آل انڈیا اسٹیٹ مسلم خواتین لیگ حیدرآباد دکن

جناب **عبدالحمید** صاحب نے فرمایش کی ہے کہ **رباعیات شادؔ** پر میں بھی کچھ لکھوں مختصراً چند سطریں حمید صاحب کی خاطر لکھ رہی ہوں:

خیال خاطر احباب چاہیئے ہردم
انیسؔ ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

یوں تو ہر دور میں عظیم آباد کی مردم خیز خاک پاک سے کوئی نہ کوئی باکمال جلوہ گر ہو کر دنیائے شعر و ادب کو اپنی ضو پاشی سے منور کرتا رہا لیکن جس دور سے **جناب شادؔ** کا تعلق ہے وہ زمانہ وہ تھا کہ **داغؔ** مرحوم کی زبان اور اُن کی غزل سرائی کا بلبل ہزار داستاں چار دانگ عالم میں نغمہ سرا تھا۔ غزل گوئی کا رنگ ہی کچھ اور تھا زمانہ کا مذاق بھی اُسی رنگ میں رنگا ہوا نظر آتا تھا، یہاں تک کہ **حضرت امیر مینائی** کا سا محتاط شاعر بھی اس رنگ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ لیکن **جناب شادؔ** کی دُور رس نگاہیں **غزل گوئی** کے اصلی مرکز پر پہنچ چکی تھیں اور زمانے کے مذاق سے متاثر

ہونا تو درکنار انہوں نے زمانے کے مذاق کی اصلاح شروع کر دی۔
جہاں تک میں نے جناب شاد کی شاعری کو سمجھا ہے تعلیم یافتہ دورِ جدید کے لئے یقینی وہ شمعِ راہ غزل سرائی بنی اور بن کر رہی۔ جب تمام ہندوستان جناب شاد کو استاد فن مانتا اور ان کے کلام کی قدر کرتا ہے تو پھر میں کیا اور میری ثنا کیا۔ البتہ حمید صاحب تعریف کے قابل ہیں کہ انہوں نے اپنے استاد کی بیچا لوے رباعیوں کا انگریزی ترجمہ کیا اور مجھے بھی اس کارِ خیر میں شریک کیا میں نواب سر نظامت جنگ بہادر کی شکر کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میرے کہنے سے اس انگریزی ترجمہ کو صرف دیکھا ہی نہیں بلکہ اس کو زیور نظم سے آراستہ کر دیا وہ ترجمہ کچھ اور ہی ہو گیا، گویا انگریزی رباعیاں معلوم ہوتی ہیں۔ کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ ترجمہ کیا گیا ہے۔
جناب شاد مرحوم میرے شوہر سید ہمایوں مرزا مرحوم بیرسٹر ایٹ لا کے عزیز تھے اور میرے خسر حضرت سید شاہ الفت حسین فریاد علیہ الرحمۃ کے شاگرد رشید۔ جناب شاد مرحوم نے حضرت فریاد کی سوانح عمری لکھی جس کا نام حیاتِ فریاد ہے۔ اور یہ اُن کی زندگی کا آخری کارنامہ تھا جس کے بعد بقول مولانا سید سلیمان صاحب ندوی "اُن کے دستِ قلم کسی اور بیگانہ تصنیف کو نہ چھو سکے"۔ میں آخر میں جناب حمید صاحب کو اُن کی کوششوں اور محنت پر مبارک باد دیتی ہوں، اور خدا سے دعا کرتی ہوں کہ جس طرح عمر خیام کی رباعیاں انگریزی ترجمہ ہو کر مقبول ہوئی ہیں، اسی طرح جناب شاد کی رباعیاں مقبول ہو کر شہرتِ دوام حاصل کریں آمین یا رب العالمین ؕ

صغریٰ ہمایوں مرزا، ہمایوں نگر حیدرآباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

التماس

شاد کا نام آیا اور کہنہ مشق شاعرانہ ذی کمالی کا مرقع تصور کی نگاہوں کے سامنے آموجود ہوا اور صوبۂ بہار کی ایک مایۂ ناز ہستی کی تصویر تصدیقات کے تمام براہین و دلائل کی رنگ آمیزیوں کے ساتھ نظروں میں گھومنے لگی میں آج اس مرقعِ فضل وکمال کا وہ روشن رخ نہیں پیش کر رہا ہوں جس کی وجہ سے وہ میرِ وقت اور انیسِ بہار کہلائے یا سرآمد متغزلین دورِ جدید کے لقب سے شہرت پذیر ہوئے لیکن پھر بھی جس صنف شاعری سے آج ناظرین کو روشناس کرنا چاہتا ہوں شاد مرحوم بھی نظر انداز نہیں کیئے جا سکتے۔

اقسامِ نظم میں رباعی سب سے مختصر بھی ہے اور مشکل ترین بھی۔ ان کے اوزان[1] بھی مخصوص ہیں۔ اور اندازِ بیان بھی۔ خیالات کی ندرت، بیان کا زور، طرزِ ادا کی دلکشی، مضمون کی دل آویزی، خصوصیات رباعی نگاری میں شامل ہیں۔ جہاں خیالات کا ترفع اس کی جان ہے،

[1] رباعی کی عروضی بحث کے لیئے میری کتاب "رمز العروض" کا دوسرا حصہ جامع العروض صفحہ ۹۳ ملاحظہ ہو۔ ۱۲ حمید عفی عنہ

وہاں طرز ادا، اور زبان کی سلاست بھی اس کی روح رواں۔ فلسفہ و تصوف حکمت و اخلاق کے مسائل، دلکش و دل آویز پیرائے میں بیان کرنا اس کے لوازم میں شامل ہے۔ عشقیہ مضامین بھی اگر ہوں تو خاص انداز میں بیان کیے جائیں، جس کی زندہ مثال سرمد کی رباعیاں ہیں۔ ان تمام قیود کے ساتھ ساتھ چاروں مصرعے باہم اس طرح دست و گریباں ہوں کہ ایک خوشنما گلدستے کے چار ہمرنگ پھول معلوم ہوں، جن کی خوشبو مشام جاں کو معطر کرنے والی ہو، اور دل و دماغ کو فرحت بخشنے والی بالخصوص چوتھا مصرع تو کڑی کمان کا تیر بن کر نکلے جو دلوں پر جا کر بیٹھے اور سامعین کو تڑپا دے۔

تمام اصناف سخن کی جان رباعی ہے۔ قصیدے کی متانت، مثنوی کا تسلسل، غزل کا سوز و کیف، ان سب کا التزام رباعی میں ضروری ہے۔ وزن عروضی کی قید بند کے ساتھ اختصار اس صنف کا خاص جوہر ہے۔ یہ میدانِ سخن ہر اشہب خامہ کی جولاں گاہ نہیں بن سکتا اور ہر باغبانِ سخن ان گلہائے رنگا رنگ سے جاذب نظر گلدستے نہیں بنا سکتا۔ مختصر یہ کہ رباعی عطر سخن ہے جس میں تمام اصناف سخن کی خوبیاں نچوڑ کر بھر دی جاتی ہیں۔

جس طرح قطعات ابن یمین، کے مقابلے میں اُردو شاعری کوئی وقیع تصنیف اب تک پیش نہ کر سکی، اسی طرح رباعیات حکیم عمر خیام وغیرہ کے برابر کی کوئی کتاب اردو ادب میں دیکھنے میں نہیں آتی۔ اردو ادب کا

دامن ابھی ایسے جواہر ریزوں سے خالی نظر آتا ہے۔ لیکن اب شعرائے جدید کی کاوشوں کی بدولت اس صنف خاص میں بھی اردو شاعری کا خزانہ پہلے سے زیادہ مالا مال نظر آتا ہے۔

تواریخ نظم اردو کی ورق گردانی سے معلوم ہوتا ہے کہ اور اصناف شاعری کے ساتھ ساتھ یہ بھی صفحۂ قرطاس پر جلوہ گر ہوئی۔ ۱۷۰۰ء کے قبل کے ایک شاعر میر عبدالقادر حیدرآبادی کی ایک رباعی ملاحظہ ہو۔

ہر چند ہمن سب سے اُٹھایا ہے بات
اُس پر بھی نہ آزاد کہائے ہیہات
عالم منے ہر ایک یہ کہتا ہوگا
دکھن میں ہے قادر ابھوں در قید حیات

یہ ابتدائی نقش تھا، پھر جیسے جیسے اردو شاعری ترقی کی منزلیں طے کرتی گئی، اس صنف میں بھی شعرائے اردو نے طبع آزمائی شروع کی۔ میرؔ و دردؔ کے ہم عصر شعراء میں سے قریب قریب ہر صاحب دیوان استاد نے کم و بیش رباعیاں لکھی ہیں لیکن اُن رباعیوں کو کوئی امتیازی خصوصیت حاصل نہ ہو سکی۔ میرؔ و دردؔ کی ایک ایک رباعی نمونۂ کلام کی غرض سے پیش کی جاتی ہے ؎

ہر صبح غموں میں شام کی ہے ہم نے
خونابہ کشی مدام کی ہے ہم نے
یہ مہلت کم کہ جس کو کہتے ہیں عُمر
مر مر کے غرض تمام کی ہے ہم نے

درد ؎

آرام نہ دن کو بیقراری کے سبب
نے رات کو چین، آہ وزاری کے سبب
واقف نہ تھے ہم تو ان بلاؤں سے کبھی
یہ کچھ دیکھا سو تیری یاری کے سبب۔

میر درد کے ہم عصر راسخ عظیم آبادی کی بھی ایک باعی ملاحظے میں آئے ؎

دیکھی فقط آرائشِ دنیا تم نے
پیدا نہ کیا دیدۂ بینا تم نے
مصروفِ تماشائے چمن ہی رہے آہ
راسخ چمن آرا کو نہ دیکھا تم نے

اس کے بعد وہ دور آتا ہے جس نے اس صنف میں بھی ایک حد تک اضافہ کی صورت پیدا کی اور میر انیس، اور مرزا دبیر نے اس طرف خاص توجہ فرمائی۔ انیس مرحوم کے مرثیوں کی طرح اُن کی رباعیاں بھی اردو شاعری کی روح رواں ہیں۔ میر و مرزا کے بعد پیارے صاحب رشید نے بالخصوص پیری کے متعلق بہتر سے بہتر رباعیاں لکھیں حالی مرحوم اور اکبر الہ ابادی مرحوم نے اخلاقی اور نصیحت آمیز رباعیوں کا مزید اضافہ کیا۔ ہمارے اُستاد حضرت شاد بھی اسی دور میں آتے ہیں۔

اُستاد مرحوم کی رباعیوں کے معنوی پہلو سے فخرِ وطن محترمی و مکرمی حضرت مولانا **مناظر احسن** صاحب مدظلہ (گیلانی) نے جیسی سیر حاصل بحث کی ہے، وہ انھیں کا حصہ تھا اور واقعی جناب شاؔد کے سے نکتہ سنج اور فلسفی شاعر کی رباعیوں کے معنوی پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کے لیے ایسے ہی دقیقہ رس قلم کی ضرورت تھی جو اپنے رنگ آمیز موقلم کی جنبش سے تصویر کے اُن گوناگوں، اور رنگارنگ پوشیدہ نقش و نگار کو بھی ایسے حسین پیرایے میں نمایاں کر دکھائے کہ حقیقت بیں نگاہیں رنگینی کیف سے مخمور ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ اب رہا صوری پہلو اور معیارِ فن پر رباعیوں کی جانچ پرتال! جہاں تک فن کا تعلق ہے اور جن لوازمات رباعی نگاری کی طرف میں ضمناً اشارہ کر چکا ہوں، اُستاد مرحوم کی رباعیاں اُن کی پوری پوری ترجمانی کر رہی ہیں۔ رباعیوں کی جو شان ہونی چاہیے، وہ ہر رباعی سے ظاہر ہے۔ اردو کا جہاں تک تعلق ہے حضرت شاؔد نے رباعیوں میں بھی اپنی شمشیرِ طبع کا جوہر دکھانے میں کوتاہ دستی سے کام نہیں لیا ہے۔ کمالِ مشق کا ہر مصرع آئینہ دار ہے اور ہر رباعی سے ذی کمالی ہویدا۔

پنجانوے رباعیاں جن کو انگریزی ترجمے کے ساتھ میں پیش کر رہا ہوں، اُن میں اکثر و بیشتر فلسفیانہ اور صوفیانہ رنگ کی ہیں لیکن بعض بعض رباعیاں ایسی بھی ہیں جن میں کہیں تو پیری کا فسانہ ہے اور کہیں شباب کی فراموش شدہ داستان یارینہ۔ کہیں ارباب وطن کی ناقدری کا ناموش گلہ ہے اور کہیں کوتاہی کمال پرستی کا بجا شکوہ کہیں اگلوں کی یاد پر آنسو بہلے گئے ہیں

اور کہیں "برخود غلط" راہبروں کی رہنمائی اور اُن کی اندھی تقلید سے متنبہ کیا گیا ہے۔ مختصر یہ کہ ۹۵ رباعیوں کا یہ مجموعہ بوقلموں اور رنگارنگ گلہائے مضامین کا وہ جاذب نظر اور فرحت بخش گلدستہ ہے جو اہل نظر کو اپنی طرف متوجہ کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

کسی رباعی میں دوسرے کے خیال سے بھی استفادہ حاصل کیا گیا ہے، مثلاً خیّام کہتا ہے ؎

من بندۂ عاصیم رضائے تو کجاست
تاریک دلم نورِ صفائے تو کجاست
ما را تو بہشت اگر بہ طاعت بخشی
این مزد بود لطف و عطائے تو کجاست

شاؔد لکھتے ہیں ؎

لاکر مجھے دنیا میں جو مہمان کیا
کیا کچھ نہیں میرے لیے سامان کیا
طاعت پہ نہ بخشا کہ یہ مزدوری تھی،
یوں بخش دیا تو اور احسان کیا

کسی جگہ خیّام کے عقیدے کے خلاف اور اُس سے الگ ہو کر بھی کہہ گئے ہیں۔ خیّام جبر کا قائل تھا چنانچہ وہ کہتا ہے ؎

از رفتۂ قلم ہیچ دگر گوں نہ شود + وز خوردن غم بجز جگر خوں نہ شود
گو در ہمہ عمرِ خویش خونابہ خوری + یک قطرہ ازاں کہ ہست افزوں نہ شود

لیکن خیّام کا یہ جبر مذہبی اعتقاد پر مبنی نہ تھا بلکہ فلسفیانہ دلائل و براہین پر
اُس کا یہ عقیدہ اُس کی فلسفیانہ تحریر سے بھی ثابت ہوتا ہے فلعل الجبریۃ
اَقرَبُ اِلی الحقِّ فِی بَادِی الرَّای وَظَاہِرِ النَّظرِ - (شاید یہ جبریہ فرقہ
حقانیت سے زیادہ قریب ہے یعنی اُن کی رائے زیادہ باصواب معلوم ہوتی ہے)
شادؔ اس اصول کے خلاف اور اس عقیدے کے مخالف فرقے کے ہم نوا تھے فرماتے ہیں

یہ سچ کہ ہجوم کار میں رکھا ہے ٭ یہ جھوٹ کہ اضطرار میں رکھا ہے
قانون میں فطرت کے نہیں جبر روا ٭ سب کچھ ترے اختیار میں رکھا ہے

اُستادِ مرحوم کی رباعیوں کے متعلق جو چند سطریں عرض کی گئیں،
وہ محض ضمناً تھیں، آج میرا اصل فریضہ اظہار تشکر و امتنان ہے سب
پہلے میں اپنے محترم مولانا **مناظر احسن** صاحب ظلہ العالی کا شکر گزار ہوں کہ
میری گزارش پر آپنے بہ طیب خاطر لبیک کہی اور ایک جامع و مدلل فاضلانہ
مقدمہ، رباعیات شادؔ کا لکھ کر بھیج دیا، جس نے رباعیات شادؔ کے ان
اہم نکات کو واضح کر دیا ہے، جہاں ہر نظر نہیں پہونچ سکتی تھی۔

بعدہ میں اپنی محترمہ **بیگم صغریٰ ہمایوں مرزا** صاحبہ دام مجدہا کا
تہِ دل سے منت گزار ہوں کہ آپنے صرف قلمی ہی معاونت نہیں فرمائی
بلکہ دو سو روپے رباعیوں کی طباعت کے لئے عطا فرما کر طباعت کے بار سے
بھی یک گونہ مجھے سبکدوش کر دیا۔ مزید براں یہ کہ جب میں انگریزی ترجمہ
کر چکا تو میں نے اس کی ضرورت محسوس کی کہ کسی ماہر انگریزی داں سے اس کو
دکھا لیا جائے تاکہ ترجمہ اس لائق ہو جائے کہ ارباب نظر کے سامنے

پیش کیا جا سکے۔ مجھے اپنی انگریزی پر اتنا بھروسہ نہیں کہ میں بے تکلف اہل علم کے روبرو اپنا ترجمہ پیش کرنے کی جرأت کروں۔ یہ ایک مشکل مسئلہ تھا۔ میں نے اپنی یہ دقت بھی محترمہ موصوف کو لکھ بھیجی۔ آپنے سر نظامت جنگ بہادر ام اقبالہ کو ترجمہ درست کرنے پر راضی کیا اور یہ مشکل اس طرح حل کر دی کہ گویا کانٹے پھول سے بدل گئے۔

میں محترمہ موصوف کی کیا ثنا کر سکتا ہوں جبکہ میرے اُستاد علیہ الرحمہ ہی ان کو "سرتاج خاتونانِ ہند" کے صحیح لقب سے یاد کیا کرتے تھے۔ کیا دُور رس اور حقیقت بیں نگاہیں تھیں! خدا اُن کے مقامات بلند کرے!! آج وہی ہستی اُن کی واقعی اور صحیح معنی میں قدر دان نکلی ورنہ اس دَورِ پُرآشوب میں کون کس کو پوچھتا ہے اور کون کسی باکمال کی ذی کمالی کی قدر کرتا ہے۔ خداوندکریم ایسی ہستیوں کا سایہ تا دیر ہم جرعہ کشانِ پیمانۂ شاد کے سروں پر قائم رکھے کہ جن کی بدولت میخانۂ شاد کی سرمستیاں رندانِ محو آشام کو آج بھی پر کیف و سرشار کرتی نظر آتی ہیں۔ آمیں ثم آمین

آخر میں سب سے زیادہ میں نواب سر نظامت جنگ بہادر دام اقبالہٗ کا رہین منت ہوں کہ گرچہ بہ توسل ہی سہی لیکن آپ نے میرے انگریزی ترجمہ کو صرف بہ نظر خائر دیکھکر درست ہی نہیں کیا بلکہ نثر کو نظم سے بدل گرمی یک آتشہ کو دو آتشہ کر دیا۔

میں نے ترجمے میں بقول آغا شاعر قزلباش دہلوی، "مکھی پر مکھی نہیں ماری ہے، بلکہ ہر رباعی کے اصل مفہوم کو مد نظر رکھ کر اُس کو انگریزی میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ ترجمے سے وہی حضرات کما حقہ لطف اندوز ہو سکتے ہیں جو دونوں زبانوں یعنی اردو اور انگریزی سے کافی دلچسپی رکھتے ہیں۔ ترجمے کی دقت وہی حضرات سمجھ سکتے ہیں جو یہ کام کرتے ہیں ورنہ کہنے اور کرنے میں بڑا فرق ہے۔ **نواب صاحب** موصوف نے جوشؔ کو نظم کا جامہ پہنایا ہے تو اُس سے صرف ترجمے کی زینت ہی نہیں بڑھ گئی ہے بلکہ آپ نے اکثر جگہ بہت سے پوشیدہ خط و خال کو نمایاں کر دیا ہے جس سے حسنِ کلام اور معنیٰ رسی میں کافی اضافہ ہو گیا ہے۔ یہ آپ ہی کے سے اہل قلم کا کام تھا جو دونوں زبانوں کی کمیت و کیفیت کو مد نظر رکھ کر مئے سخن کو ایک جام سے دوسرے جام میں اس طرح انڈیلے کہ مئے سر جوش کا رنگ کم ہو اور نہ جوش بلکہ کیفیت میں کچھ اور اضافہ ہی ہو جائے۔ سوا ہدیۂ تشکر و امتنان پیش کرنے کے اور اس ہیچمیرز و ہیچداں کے پاس کیا ہے کہ پیش کش کرے

ع گر قبول افتد زہے عز و شرف!

خاکپائے **شاد**

حمید عظیم آبادی

حمید منزل
لودی کٹرہ۔ پٹنہ سیٹی
۱۸-۱۱-۱۹۴۵ء

ہو الباقی

رباعیات شاد

مسمّٰی بہ

گنجینۂ عرفاں

مع

انگریزی ترجمہ (منظوم)

از

سر نظامت جنگ بہادر

حیدرآباد

با اہتمام

حمید عظیم آبادی

رقمہ علی حسن عظیم آبادی

پر وہ کسی طرح مقبول ہوا
افسوس نصیبی ہی تنک مجہول ہوا

اللہ ری دور اندازی عقل انسان
معلوم ہوا جو تھا وہ اور مجہول ہوا

شاد عظیم آبادی

2

Those votaries, they but seem to ask
for blame,
Who're bending o'er their beads to
name Thy name—
A name that should be named without
account;
Yet they forsooth must count, recount
the same !

Nizamat Jung

1

A notion unconfirmed remains our
thought—
Where even certainty with doubt is
fraught.
For lo! man's intermeddling reason
makes
Unknown what erst was known—
makes aught as naught!

Nizamat Jung

۲

کیا مفت کا زاہدوں نے الزام لیا
تسبیح کے دانوں سے عبث کام لیا
یہ نام تو وہ ہے جسے بے گنتی لیں
کیا لطف جو گن گن کے ترا نام لیا

شاد عظیم آبادی

اس سال نہ شیشوں کو توڑو یارو
جب آئے عید میں سمت منہ موڑو یارو
سب کہاں ان تیغوں کو جھیلا ارمن
اکتا کے مری روح نے جی چھوڑو

شاد عظیم آبادی

3

Life's fetters I have broken. In
dismay
I turn my face tow'rd death. No
more a prey
To woes it could not bear, my
wearied soul
Now flies from out its earthly home
away!

Nizamat Jung

4

Whatever be thy suffering, bear thy pain.
Be of good cheer; let not thy tongue complain.
There is a Seraph's voice in every breath
"Tis so ordained and thou shalt yet remain".

Nizamat Jung

ہ

جو کچھ ادا ہوئیں سو سزا ہوگی
اے شاو زباں سے کچھ جزا ہوگی

ہر سانس پہ رو میں یہ آواز ہے پیش
یہ حکم کہ شکر نعمت بجا لانا ہوگا

شاد عظیم آبادی

٥

اس زمانے میں یک جان آنا ہے

پیری کی ہوا اب آج زمانا ہے

پروانے عبث ہیں مجھے گھیرے ہوئے اے شاد

میں شمع سحر ہوں مرا کیا ٹھکانا ہے

شاد عظیم آبادی

5

Life's feast I soon must quit, for age
is here,
What though I still live on, the end
is near.
Life's joys are moths that vainly
round me throng—
A morning lamp, a light to dis-
appear.

Nizamat Jung

6

An age-long sufferer I, 'twas mine to share
Whatever life should bring of grief and care;
And if at last my burdened heart gave way,
The burden sure was more than it could bear.

Nizamat Jung

۶

یک چند گراں عمر کا آزاری تھا
دکھ درد کے سن سے بس عاری تھا

دل بیٹھ گیا تو یوں اٹھے کیونکر بوجھ
مزدور کی طاقت سے بہت بھاری تھا

شاد عظیم آبادی

۵

جس وقت کا ڈر تھا وہ شتاب آپہونچا
ہنگام رحیل و یار اب آپہونچا
جاگو جاگو کہ حشر کب سوتا ہے
جو نیند سے چونکے تو وقت عذاب آپہونچا

شاد عظیم آبادی

7

That day of dread, how fast it draweth nigh!
The season of our parting draweth nigh!
Awake ye all who'll sleep till Judgment Day!
Awake awhile, for Death's sleep draweth nigh!

Nizamat Jung

8

'Twere idle sport, fair word and kindly smile
And soft address—a pastime for a while !
The heart, alas, would have no place to live
If love were but a whim that did beguile.

Nizamat Jung.

۸

کیا لطف تخاطب و تکلم نکلا

بیکار تہ لطف و تبسم نکلا

عشاق پھرا دیئے شاد کہیں نہ بنے

اندھیر ہی کیسر ہے ف تو تم نکلا

شاد عظیم آبادی

۹

الکن ہوئی زباں میں جو دھیان آ گیا
کیا کچھ نہیں سمیٹے لئے سامان آ گیا
طاعت پہ بخشتے کہ وہ مزدوری بھی
یوں بخش دیا تو اور احسان آ گیا

شاد عظیم آبادی

9

He brought me to this world, a favoured guest ;
Nor aught withheld that gratified my breast ;
Nor aught bestowed as wage for task ordained :
His bounties were free gifts—without request.

Nizamat Jung

10

Who can forget the taste of pain and
woe ?
They well might ask me, who would
wish to know.
But silent I must be; I'm not to say
All that the Giver did on me bestow.

Nizamat Jung

۱۰

بھولا نہیں رنج و غم کے کھانے کا مزا

پوچھے کوئی مجھ سے اس فسانے کا مزا

کھوا نہ زبان اپنی اے ذوق سلیم

چکھا ہی نہیں دل نے زمانے کا مزا

شاد عظیم آبادی

۱۱

تھی جس کی تلاش وہ وصال پیچھے ملا

اس کا ہمیں حسرت سوال پیچھے ملا

جا پہنچے بدن بعد یا ضعف کا ہم

جیتا ہو سری کمال پیچھے ملا

شاد عظیم آبادی

11

The boon I souht from life I ne'er
could gain,
For life did bring me but regret and
pain.
Full forty years of longing—and its
fruit,
The spirit's travail, and illusions vain!

Nizamat Jung

12

They'll still abide—the yearning, the regret
For thee, of whom the like was never met.
Far did I roam, but nothing could I find
Like thee, O joy of youth remembered yet!

Nizamat Jung.

۱۲

کیوں کر نہ بنے غم نہانی تیرا
دنیا میں بہت کون ثانی تیرا
ہم لے کے عصا دور تلک ڈھونڈھ آئے
کوسوں نہیں نام اے جوانی تیرا

شاد عظیم آبادی

۱۳

بیجا ہوش تھا ہر وقت کہ بیہوش پڑا تھا

یا ذوق لقا نے خواب دکھلایا تھا

کل ہجر تو سلانے کی آئی نیند اے غم

جس نیند سے تو نے آج چونکایا تھا

شاد عظیم آبادی

13

Say, was I conscious, or unconscious aye ?
Was it a dream, this zest of life ? O say !
O age ! O time ! Bring ye the morrow's sleep,
When from our sleep ye waken us today ?

Nizamat Jung

14

The grave is now my home, the time
has come !
Beware O heart, the fated call has
come !
The courier with the summons on
his way-
If not today, tomorrow he will
come !

Nizamat Jung

۱۲

ٹھہر نہ اب وہ محمل آ ہی گیا

ہشیار کہ سفینہ مرا اجل آ ہی گیا

لے کر خط شوق چل چکا ہے قاصد

ہونی نہ اگر آج تو کل آ ہی گیا

شاد عظیم آبادی

۱۵

دیدار ترا ہمارا اے صنم وجہ حیات
رکھتا ہے ترا فراق ایذائے ممات

ہو جس طرح کہ نور وجہ ظلمت کا
ایمان ہو موقوف آپ کے عدل میں ثبات

شاد عظیم آبادی

15

To be in life is but to be with Thee ;
Life were disparted if afar from Thee ?
E'en as the cause gives life to its
effect,
'Tis faith in Thee gives troth its
verity.

Nizamat Jung

16

We are in life, yet live as though we're not !
We seem awake and yet with sleep are fraught !
What of the joy of life ? to us unknown !
Mourning, we know not how to mourn our lot !

Nizamat Jung.

۱۶

دنیا میں جو ہیں بھی تو نہ ہونے کی طرح
جاگے بھی اگر کبھی تو سونے کی طرح
ہنسنا تو بڑی بات ہے اس کا کیا ذکر
رونا ہے کہ روئے بھی نہ رونے کی طرح

شاد عظیم آبادی

۱۴

ہیں تنگ دلِ زار اب بھی افسوس

بے چین ہیں اضطرار اب بھی افسوس

ساقی تکلیفِ مے نہ کر وقت ہے بس

